ہدایات برائے واٹر پلانٹس

واٹر پلانٹ کا پنجاب فوڈ اتھارٹی سے لائسنس شدہ ہونا ضروری ہے۔اور لائسنس کا موقع پر موجود ہونا لازمی ہے۔

ہدایات برائے پلانٹ:

1۔ پلانٹ کے گردنواح میں کوئی گندے پانی کا نالہ یا سیوریج کا گٹر نہ ہو۔

2۔ زمینی پانی کا ٹیسٹ کروا کر اسکی نوعیت کے مطابق ہی پلانٹ لگوایا جائے (RO,UF وغیرہ)

3۔ پلانٹ کی عمارت کے اندر نمی سے خراب نا ہونے والے پینٹ (Water resistant paint) کا استعمال کیا جائے۔

ہدایات برائے ملازمین:

1۔ تمام ملازمین کے میڈیکل فٹنس سرٹیفکس موقع پر موجود ہوں۔

2۔ تمام ملازمین کا کام شروع کرنے سے پہلے صاف اور آلودگی سے پاک ہونا ضروری ہے۔

3۔ واٹر پلانٹس پر موجود تمام ملازمین کا کام کے دوران ماسک، ہیڈ کورز اور مخصوص جوتوں کا استعمال کرنا ضروری ہے۔

4۔ دورانِ کام سگریٹ نوشی یا کھانا پینا منع ہے۔

5۔ ملازمین کے لیئے واش رومز استعمال کرنے کے بعد صابن سے ہاتھ دھونے کو یقینی بنایا جائے۔

ہدایات برائے صفائی:

1۔ فلٹر پلانٹ کی ممبرین (Membrane) کی روزانہ کی بنیاد پر بیک واش (Back Wash) ضروری ہے۔

2۔ فلٹر پلانٹ پر استعمال ہونے والے ٹینکوں کی ماہانہ صفائی لازمی ہے۔

3۔ فلٹر کی تبدیلی بروقت ضروری ہے۔

4۔ بوتلوں کی صفائی بذریعہ پریشر واشنگ اور گرم پانی (85 ڈگری سینٹی گریڈ) سے یقینی بنائی جائے۔

5۔ فلنگ اسٹینڈ پر بوتلوں کی صفائی کرنا منع ہے مزید براں واشنگ ایرا الگ بنایا جائے۔

ہدایات برائے ٹیسٹنگ اور ریکارڈ:

1۔ فلٹر کی تبدیلی کا ریکارڈ رجسٹر پر درج ہو۔

2۔ پلانٹ اور بوتلوں کی صفائی کا ریکارڈ برقرار ہو۔

3۔ فلٹر شدہ پانی کے روزانہ کی بنیادوں پر پلانٹ پر ٹیسٹ ہونا اور اُن ٹیسٹ کا ریکارڈ رجسٹر پر برقرار ہونا ضروری ہے۔

4۔ تیار شدہ فائنل پراڈکٹ پر مکمل لیبل ہو۔(تاریخِ اجراء، تاریخِ تنسیخ، مکمل پتہ اور اجزاء ترکیبی وغیرہ)

5۔ تیار شدہ فائنل پراڈکٹ پیور فوڈ رولز ۲۰۱۱ (Pure Food Rules 2011) کے سٹینڈرز (Standards) کے مطابق ہو۔مزید براں ہر قسم کا ریکارڈ موقع پر موجود ہو۔